**Henry Ford Health (HFH) ہر مریض کے ساتھ عزت، احترام اور شفقت سے پیش آتا ہے۔ مریض HFH کی طرف سے فراہم کردہ طبی خدمات کے لیے مناسب قیمتوں کا تعین کرنے اور اپنے طبی اخراجات کے انتظام میں مدد کے لیے متبادل تلاش کرنے میں اعانت کے لیے HFH سے رجوع کر سکتے ہیں۔**

**آپ ہمارے مریض کے لیے مالی اعانت پروگرام (Patient Financial Assistance Program) کے ذریعے اپنے طبی بل میں مدد کے اہل ہو سکتے ہیں۔**

## میں مالی اعانت کے لیے کس طرح اہل قرار پاؤں؟

مالی اعانت کا اہل ہونے کے لیے آپ کو مخصوص تقاضے پورا کرنا لازم ہے۔ انہیں ذیل کے ٹیبل میں دکھایا گیا ہے:

| لیاقت کا معیار | اہلیت کا طریقہ 1<br>روایتی | اہلیت کا طریقہ 2<br>تباہ کن | اہلیت کا طریقہ 3<br>قیاسی |
|---|---|---|---|
| ریاستہائے متحدہ میں مستقل رہائش | X | X | X |
| HFH بنیادی خدمات کے علاقے کے اندر رہائش اختیار کریں | X | X | X |
| HFH سہولت میں HFH فراہم کنندہ کے ساتھ علاج کی تلاش کرنا | X | X | X |
| آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 400% سے کم ہے | X | | X |
| HFH طبی بل گھریلو آمدنی کا 30% سے زیادہ ہے | | X | |

**ہم اوپر غیر مندرج معیار کی بنیاد پر ماسبق تاریخ سے اہلیت کے لیے مریضوں کی قدر پیمائی کر سکتے ہیں۔*

***اہلیت کا طریقہ 1 یا 3*** *(روایتی یا قیاسی)*: اگر آپ کی سالانہ آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 250% سے کم یا اس کے برابر ہے تو، آپ 100% رعایت کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کی سالانہ آمدنی وفاقی غربت کی سطح کے 251% سے 400% تک ہے، تو آپ جزوی رعایت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

***اہلیت کا طریقہ 2*** *(تباہ کن)*: اگر آپ اہلیت کے طریقہ 2 کا معیار پورا کرتے ہیں تو، اہل قرار پانے والا آپ کا طبی قرض آپ کے گھرانے کی آمدنی کے 30% تک کم کیا جا سکتا ہے۔

جو مریض مالی اعانت کے لیے اہل قرار پاتے ہیں انہیں ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری دیگر نگہداشت کے لیے عام طور پر بل کی رقم (amounts generally billed, AGB) سے زیادہ اور دیگر تمام طبی نگہداشت کے لیے مجموعی چارجز سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔ ہر HFH سہولت ایک یا زیادہ AGB فیصد کا حساب لگانے کے لیے لک بیک طریقہ استعمال کرتی ہے۔ Medicare کی تمام مفت برائے خدمت اور پچھلے 12 مہینوں کے دوران HFH فسیلیٹی کو نجی صحت بیمہ دہندگان نے جن دعووں کی ادائیگی کی ہے ان کے میزان کو ان دعووں کے لیے متعلقہ مجموعی چارجز کے میزان سے ضرب کر کے AGB کے فیصد کا حساب کیا جاتا ہے۔

غیر بیمہ شدہ مریض جو اس پالیسی یا HFH کی طرف سے پیش کردہ دیگر دستیاب مالی اعانت کے پروگراموں ( financial assistance programs) کے تحت مالی اعانت کے معیار پر پورا نہیں اترتے ہیں ان سے سروس کے لیے غیر بیمہ شدہ رعایتی شرح کی بنیاد پر چارج کیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے، غیر بیمہ شدہ رعایت کی پالیسی سے رجوع کریں، جو: https://www.henryford.com/visitors/billing کو ملاحظہ کر کے تلاش کی جا سکتی ہے۔

## میں مالی اعانت کے لیے کس طرح درخواست دوں؟

مالی اعانت کی درخواست دینے کے لیے، آپ کو مریض کے لیے مالی اعانت پروگرام کی درخواست مکمل کرنا اور تائیدی دستاویزات فراہم کرنا لازم ہے۔ درخواست دینے کے لیے آپ کے پاس آپ کا پہلا بل موصول ہونے کے بعد سے 240 دن تک کا وقت ہے۔ HFH کو آپ کی مکمل درخواست موصول ہونے کے بعد، آپ کو 30 دنوں کے اندر تحریری طور پر فیصلہ دیا جائے گا۔

ہماری پالیسی اور/یا درخواست کی مفت کاپی فراہم کرنے کے لیے، آپ یوں کر سکتے ہیں:

- MyChart میں سائن ان کر کے اور بلنگ والے ٹیب کے نیچے مالی اعانت کے ڈراپ ڈاؤن کو منتخب کر کے ایک الیکٹرانک درخواست حاصل اور مکمل کر سکتے ہیں۔
- مفت کاپی ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ www.henryford.com/financialassistance پر جائیں، یا
- ہمارے کمیونٹی بینیفٹ آفس (Community Benefits Office, CBO) کے کسٹمر سروس ڈپارٹمنٹ (Customer Service Department) سے
(313) 874 – 7800 پر رابطہ کرکے پوسٹل میل سے ایک کاپی بھجوانے کی درخواست کریں

**میں مزید معلومات کس طرح حاصل کروں؟**

- مالی اعانت ٹیم سے 874-7800 (313) پر رابطہ کریں یا
- ذیل میں مندرج مقامات پر رجسٹریشن کے ہمارے عملہ یا فائنانشیل نیویگیٹرز سے بات کریں

تمام قابل اطلاق مالی اعانت کی دستاویزات https://www.henryford.com/visitors/billing/financial assistance/documents پر متعدد زبانوں میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

مقامات اور ہر اس محکمے کے روابط جو مالی اعانت اور مفت درخواست کی کاپی کے بارے میں معلومات فراہم کر سکتے ہیں:

| فیسیلیٹی | پتہ | فون/فیکس #/ای میل |
|---|---|---|
| **Henry Ford Health Jackson Hospital** | Henry Ford Health Jackson Hospital<br>Cashier Office<br>205 N East Avenue<br>Jackson, MI 49201 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439 |
| **Henry Ford Hospital and Medical Centers** | Henry Ford Hospital<br>Financial Counseling Office<br>2799 West Grand Blvd.<br>K-1, West 100 Clinic Building<br>Detroit, MI 48202 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439 |
| **Henry Ford Macomb Hospitals** | Henry Ford Macomb Hospital<br>Cashier Office<br>15855 19 Mile Rd.<br>Clinton Township, MI 48038 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439 |
| **Henry Ford West Bloomfield Hospital** | Henry Ford West Bloomfield Hospital<br>Lower-Level Finance<br>6777 West Maple<br>West Bloomfield, MI 48322 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439 |

| | | |
|---|---|---|
| **Henry Ford Wyandotte Hospital & Henry Ford Medical Center - Brownstown** | Henry Ford Wyandotte Hospital<br>Cashier Office<br>2333 Biddle Ave.<br>Wyandotte, MI 48192 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439 |
| **Henry Ford Kingswood Hospital** | Henry Ford Kingswood Hospital<br>Front Desk :ATTN<br>10300 West 8 Mile Rd.<br>Ferndale, MI 48220 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439 |
| **Henry Ford Maplegrove Center** | Henry Ford Maplegrove Center<br>Patient Access :ATTN<br>6773 W. Maple Road<br>West Bloomfield, MI 48322 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439 |
| **Henry Ford Health System Corporate Business Office** | Henry Ford Health<br>PO Box 670884<br>Detroit, MI 48267-0884 | فون: (313) 874-7800<br>فیکس: (248) 654-6439<br>ای میل:<br>financialassistanceapp@hfhs.org |